© rasailojaraid.com



● **الحاج بشیر احمد زرگر کا تذکرہ............ ڈاکٹر عبدالشکور عظیم**

الحاج بشیر احمد جمعیۃ علماء اسلام کے بزرگ رہنما اور انتہائی دیندار شخصیت ہیں، زیر نظر کتاب انکے دینی، سیاسی، سماجی خدمات اور سوانح حیات کا مجموعہ ہے جو کہ چھ ابواب پر مشتمل ہے جسکی تفصیل بالترتیب یہ ہے۔ آباؤ واجداد کا سوانحی خاکہ، خودنوشت سوانح حیات، ملفوظات ومجالس، اساتذہ مشائخ، خطوط مشاہیر، تاثرات مشاہیر، مولانا سمیع الحق، مولانا انوار الحق، مولانا شیر علی شاہ، مولانا عبدالقیوم حقانی صاحبان سمیت دیگر اکابرین کی تقریظات سے مزین کتاب تمام جماعتی کارکنوں اور تحریکی زندگی سے وابستہ حضرات کیلئے مطالعہ کی چیز ہے۔ کتاب کی ترتیب وتدوین پر ان کے بھتیجے محترم ڈاکٹر عبدالشکور عظیم لائق صد تحسین وتبریک ہیں۔ ۳۹۱ صفحات پر مشتمل یہ ضخیم کتاب مسجد الفرقان، کینٹ بازار، ملیر کینٹ کراچی سے دستیاب ہے (066-2252912) (مبصر: اسرار ابن مدنی)

● **تفسیر بیضاوی ترجمہ وتشریح......مؤلف مولانا عمران عیسیٰ صاحب**

انوار التنزیل واسرار التاویل (تفسیر بیضاوی) علامہ بیضاویؒ کے شہر آفاق تصنیف ہے یہ کتاب ہر زمانے میں حلقہ علماء وطلباء میں مقبول، متداول اور داخل نصاب رہی ہے یہ کتاب متعدد علوم کو جامع ہے اور ہر علم وفن کے رموز کا ایک گنجینہ ہے اس کا ابتدائی حصہ نہایت ہی مغلق اور مشکل ہے لیکن اہل علم وارباب مدارس نے طلبہ کے استعداد وصلاحیت بڑھانے کیلئے اسے نصاب کا حصہ بنایا اس کے رموز ودقائق کو حل کے کرنے کیلئے ہر دور کے محققین نے مختلف زبانوں میں اس پر متعدد تعلیقات اور حواشی ثبت کئے ہیں اور اسکے متعدد شروحات لکھی گئیں جس میں بعض کئی کئی جلدوں کو محیط ہے علامہ موسیٰ خان روحانی بازیؒ نے اسکے ۸۲ شروحات وحواشی شمار کی ہیں زیر تبصرہ کتاب اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ جسے جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کے فائق مدرس مولانا عمران عیسیٰ صاحب نے مرتب کیا ہے موصوف عرصہ دراز سے جامعہ بنوری ٹاؤن میں تفسیر بیضاوی پڑھارہے ہیں مولانا موصوف نے زیر نظر کتاب میں طویل مباحث کو نہایت ہی مختصر اور سہل انداز میں پیش کر کے مغلق اور مبہم مقامات کی وضاحت کی ہے اور ہر ایک موضوع کے متعلق مباحث کیلئے منفرد اور جداگانہ اسلوب اختیار کیا ہے ترجمہ کی درستگی کا بہت خیال رکھا گیا ہے اور عبارات پر وارد

© rasailojaraid.com